کے علمبردار امریکی تنخواہ دار گماشتوں کو بھی ذہن نشین رہنا چاہیے کہ یہاں سے مسلم عوام مولانا ظفر علی خان کے اس شعر کو ہمیشہ اپنے عقیدے کا حصّہ سمجھتے ہیں۔

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ یثرب کی حرمت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایمان ہو نہیں ہو سکتا

لہٰذا امریکی وزارتِ خارجہ کی اس رپورٹ پر حکومت پاکستان کو فوری طور پر شدید احتجاج کرنا چاہیے اور امریکیوں پر واضح کر دینا چاہیے کہ وہ اپنے اداروں کو ایسی رپورٹیں تیار کرنے سے باز رکھیں جو مسلمانوں کی دل آزاری کا باعث بنتی ہیں اور مسلم ممالک میں اقلیّتوں کے مفاد کے بھی منافی ہیں۔
(روزنامہ "نوائے وقت"، ۲۵ جولائی ۱۹۹۷ء)

متفرّق

نیدرلینڈز: کوپن ہیگن کے ۹۸ فیصد گھرانوں نے "عہد نامۂ جدید" کا ایک ایک نسخہ حاصل کیا۔

گزشتہ سال کے آخر میں "ڈینش بائبل سوسائٹی" نے کوپن ہیگن میں "عہد نامۂ جدید" کے پانچ لاکھ نسخے تقسیم کرنے کا پروگرام بنایا تھا۔ سوسائٹی کی توقع سے بڑھ کر یہ مہم کامیاب رہی ہے۔ ۹۸ فیصد گھرانوں نے "عہد نامۂ جدید" کا ایک ایک نسخہ حاصل کیا۔ (کرسچینٹی ٹوڈے - ۶ جنوری ۱۹۹۷ء) یہ اس بات کا اظہار ہے کہ نہ صرف تیسری دُنیا میں مذہب کے ساتھ لگاؤ موجود ہے، بلکہ مغرب کی لبرل سوسائٹی میں بھی مذہب سے دلچسپی میں اضافہ ہو رہا ہے۔